عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کی شائع کردہ دسویں جماعت کی اردو کی کتاب میں حضرت عمرؓ کو ''گانا سننے کا شوقین، اکھڑ مزاج اور تُند خو'' بیان کیا گیا ہے۔ (ایک خبر)

● نام نہاد روشن خیالی کے پَر پُرزے نکلنے شروع ہو گئے۔

☆ دینی مدرسوں کے خلاف جو کچھ کہا جا رہا ہے، صرف پراپیگنڈہ ہے۔ (اعجاز الحق وفاقی وزیر مذہبی امور)

● وزارت تو خیر اک بڑی بات ہے پلا ساقیا ! چاندنی رات ہے

☆ مسرّت شاہین کی مساوات پارٹی کا، طاہر القادری کی ''عوامی تحریک'' میں انضمام۔ (ایک خبر)

● آخر گِل اپنی، صَرفِ میکدہ ہوئی پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا

☆ اپوزیشن کو اخلاقیات کا علم نہیں۔ (ظفر اللہ جمالی)

● جِدے گھر دانے، اوہدے کملے وی سیانے!

☆ صدر مشرف کی روشن خیالی سے، دنیا پر اسلام کی حقیقی تشریح واضح ہوگی۔ (چودھری شجاعت)

● قوم کو اُلّو بناؤ کیا یہی اسلام ہے ق لیگ کے رہنماؤ! کیا یہی اسلام ہے

☆ شیخ رشید دینی جماعتوں پر پابندی کا شوق پورا کرلیں۔ (حافظ حسین احمد)

● سنگ آزما ضرور مگر یہ بھی دیکھ لے ان پتھروں کی زد میں کہیں اپنا سر نہ ہو

☆ غیر نیٹو اتحادی بننے سے امریکہ کے غلام نہیں بنیں گے۔ (ترجمان دفتر خارجہ)

● چاہا بھی اگر ہم نے تیری بزم سے اٹھنا محسوس ہوا پاؤں میں زنجیر پڑی ہے

☆ جہاد افغانستان، جنرل ضیاء الحق کے ساتھ ہی ختم ہو گیا تھا۔ (اعجاز الحق)

● کی تیرے قتل کے بعد اعجاز نے توبہ ہائے اس زودِ پشیماں کا پشیماں ہونا

☆ میں طاہر القادری کی جماعت میں اس لئے شامل ہوئی ہوں کہ اس میں میک اپ پر پابندی نہیں۔ (مسرت شاہین)

● سیاست دے کمّاں نوں رَل مل کے مُکا لیّے میں میک اپ کرنی آں تُوں آلو چھِل ماہیا

☆ پنجاب کے چودھری، سندھ کے وڈیرے، انگریزوں کی غلامی پر خوش ہیں۔ (حافظ حسین احمد)

● جن کے محلوں میں غریبوں کا لہو جلتا ہے اُن سے پوچھو تو سہی، اُن کا خدا ہے یارو!